www.oursmallwonders.org

**آٹزم کے بارے میں معلومات**

- ہم میں سے ہر کوئ ایک مکمل انسان ہے۔ اور ہم سب منفرد بھی ہیں۔ ہمارے جذبات الگ ہیں۔ ہمارے خواب الگ ہیں۔ ہمارا ارد گرد کی دنیا کا ادراک بھی جدا ہے۔ **ہم سب کا وجود منفرد ہے۔**
- ممکن ہے کہ آپ کسی آٹزم کے زیرِ اثر فرد کو یا انکے خاندان یا دوستوں کو جانتے ہوں۔
- **آٹزم** کمزور سماجی صلاحیتوں سے وابستہ حالت کو کہتے ہیں۔ **آٹزم بیماری نہیں ہے۔** یہ **عمر بھر کے لیے** ارتقاء کی معذوری developmental disability ہے آٹسٹک لوگوں کے ملنے جلنے، بات چیت کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کے طریقے یا انداز دوسرے لوگوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔
- **آٹزم ایک سپیکٹرم پر مبنی حالت ہے۔** اسکے معنی یہ ہیں کہ جس طرح وہ افراد جنہیں آٹزم نہیں ہے، مختلف ہوتے ہیں، اسی طرح آٹزم کے زیرِاثر افراد بھی ایک دوسرے جیسے نہیں ہوتے۔ ان لوگوں میں آٹزم کی علامات بھی مختلف ہو سکتی ہیں اور انکی شدّت بھی محدود سے لے کر انتہائ نوعیت تک پہنچ سکتی ہے۔ اس وجہ سے نتائج بھی بہت مختلف ہوتے ہیں: ایک طرف ایک کمپیوٹر سائنسدان کا آٹزم دوسروں پر شائد واضح نہ ہو لیکن دوسری طرف آٹزم کے زیرِاثر بچوں میں سے ایک چوتھائ بچے بولتے نہیں ہیں۔
- اگرچہ تحقیق جاری ہے، آٹزم کا **کوئ سبب معلوم نہیں** ہوا ہے؛ حالانکہ وہ خدشاتی عناصر جو کسی انسان میں آٹزم پیدا ہونے کے امکانات کو بڑھاتے ہیں، ان میں جینز genes کا عنصر شامل ہے۔ ابھی تک آٹزم **کا کوئ علاج نہیں پہچانا گیا ہے** حالانکہ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ جلد اور بروقت تھیرپی سے ایک فرد کی مجموعی پیشگوئ کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

**Copyright © Our Small Wonders - 2019. All rights reserved.**

Our Small Wonders is an independent organisation run by a group of parents and friends (volunteers) of children and adults who are on the autistic spectrum. We do not provide professional support or services. All information on this website is provided free of charge. See our legal notices on our website (www.oursmallwonders.org) for full details.

www.oursmallwonders.org

- آٹزم سپیکٹرم پر موجود افراد کی ذہنی صلاحیتوں کے بارے میں کئ غلط خیالات پائے جاتے ہیں۔ **ہرٹسٹک انسان کی منفرد خوبیاں بھی ہوتی ہیں اور مخصوص آزمائشیں بھی۔** آٹزم اور ذہنی معذوری میں فرق ہے۔ اور ہر آٹسٹک بچہ غیرمعمولی ذہانت نہیں رکھتا۔ آٹزم کے زیرِاثر بچوں کے آئ-کیو سکور یعنی ذہانت کی نشاندہی کرنے والے نمبر، بالکل عام صلاحیتوں والے بچوں کی طرح، کم بھی ہو سکتے ہیں اور زیادہ بھی۔

- ضروری نہیں کہ ہر آٹسٹک انسان کا کوئ خاص ہنر ہو۔ کسی کا ہوتا ہے اور کسی کا نہیں۔ **آٹسٹک** سپیکٹرم پر موجود بچوں کی صلاحیتیں ایک جیسی نہیں ہوتیں -اور اکثر سیکھنے کے انداز بھی فرق ہوتے ہیں جسکی وجہ سے کم عمری میں جو بات کمال کی لگے وہ بڑے ہونے تک شائد نہ لگے۔

- آٹسٹک افراد کے جذبات کا اظہار مختلف ہو سکتا ہے۔

- آٹسٹک افراد اپنی بات دوسروں تک پہنچا سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ ان میں سے کچھ زبان کا استعمال کر سکیں۔ دوسرے افراد اشاروں کی زبان، تصاویر کے تبادلے، جسمانی حرکات، بولے ہوئے الفاظ اور کمپیوٹر ٹیکنالوجی کی مدد سےاپنی بات سمجھانا اور سمجھنا سیکھ سکتے ہیں۔

- آٹسٹک افراد میں حواسِ خمسہ سے متعلق کئ ضروریات پائ جاتی ہیں لیکن کوئ سی بھی ایک علامت، مثلاً آنکھ نہ ملانا، ہر فرد میں مشترکہ نہیں پائ جاتی۔

**Copyright © Our Small Wonders - 2019. All rights reserved.**

Our Small Wonders is an independent organisation run by a group of parents and friends (volunteers) of children and adults who are on the autistic spectrum. We do not provide professional support or services. All information on this website is provided free of charge. See our legal notices on our website (www.oursmallwonders.org) for full details.

Our Small Wonders

www.oursmallwonders.org

- اقوام متحدہ کے اندازے کے مطابق، آٹزم کے زیرِاثر افراد میں سے 20 فیصد کام کرتے ہیں۔ برطانیہ میں صرف 12 فیصد افراد ایسے ہیں جو آٹزم کے ساتھ ملازمت کرتے ہیں۔ یہ ممکنہ صلاحیتوں کی ضیاع ہے۔
- جائےکار پہ دماغی افعال میں مختلف نوعیتوں کی موجودگی مالکان کے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ مثلاً آٹزم کے زیرِاثر افراد کے مختلف نقطۂ نظر تنظیمی سطح کے فیصلوں کو بہتر بنا سکتے ہیں۔
- جائےکار پہ دماغی افعال میں مختلف نوعیتوں کو بڑھانے کے لیے مالکان کو بھرتی کرنے کے طریقوں کو بدلنے کی ضرورت پیدا ہو سکتی ہے۔ مثلاً عملی امتحانات کا استعمال یا انٹرویوز کی ترتیب میں تبدیلی۔
- آٹزم کے زیرِاثر افراد کو ملازمت دینے کے بعد انکی کارکردگی کو فروغ دینے کے لیے مالکان کو جائےکار پہ کچھ تبدیلیاں لانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، مثلاً کام کے وقفوں کے لیے خاموش جگہیں فراہم کرنا۔

آپ اور کیا کر سکتے ہیں، یہ جاننے کے لیے

www·oursmallwonders.org

جائیے۔ یہاں آپکو کارآمد تجویزیں اور خیالات ملیں گے۔

یہ مشاہدے او-ایس-ڈبلیو OSW ٹیم کے تجربوں پر مبنی ہیں۔

Copyright ©Our Small Wonders 2019 جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

Our Small Wonders ایک رضاکارانہ تنظیم ہے جو آٹسٹک بچوں اور بڑوں کے والدین اور دوستوں کا ایک گروہ چلاتا ہے۔ ہم ماہرانہ خدمات یا امداد نہیں فراہم کرتے۔

**Copyright © Our Small Wonders - 2019. All rights reserved.**

Our Small Wonders is an independent organisation run by a group of parents and friends (volunteers) of children and adults who are on the autistic spectrum. We do not provide professional support or services. All information on this website is provided free of charge. See our legal notices on our website (www.oursmallwonders.org) for full details.

www.oursmallwonders.org

اس ویبسائٹ پر تمام معلومات مفت فراہم کی گئ ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ہمارے قانونی نوٹسز دیکھیے۔

**Copyright © Our Small Wonders - 2019. All rights reserved.**

Our Small Wonders is an independent organisation run by a group of parents and friends (volunteers) of children and adults who are on the autistic spectrum. We do not provide professional support or services. All information on this website is provided free of charge. See our legal notices on our website (www.oursmallwonders.org) for full details.